## INTRODUCTION

The mission of elderly services is to enable our elderly persons to live in dignity and to provide necessary support for them to promote their sense of belonging, sense of security and sense of worthiness.

## OBJECTIVES

Elderly services aim to promote the well-being of elderly persons in all aspects of their life through the provision of a wide spectrum of services to enable them to remain living in the community for as long as possible; and to provide residential care that suits the varying needs of elderly persons whenever necessary.



## COMMUNITY CARE AND SUPPORT SERVICES

Community care and support services assist elderly persons to remain living in the community for as long as possible and give support to their carers. With increasing diversity of community care and support services, a more integrated approach is adopted to facilitate access to services. In brief, there are three types of community care and support services, namely elderly centre services, community care services and other community support services.

### Elderly Centre Services

District Elderly Community Centres (with Support Teams for the Elderly), Neighbourhood Elderly Centres and Social Centre for the Elderly provide multifarious community support services for elderly persons and their carers at district and neighbourhood levels, such as case management, community and health education, carer support services, social and recreational activities, volunteer development and outreaching services, at centres in the vicinity of their homes.

### Community Care Services

Day Care Centres / Units for the Elderly, Enhanced Home and Community Care Services Teams and Integrated Home Care Services Teams provide services, such as personal care, nursing care, rehabilitation training, social activities, day respite services and carer support services for frail elderly persons and / or elderly persons in need of services in a familiar home and community environment.

### Other Community Support Services

Other community support services, such as the Senior Citizen Card Scheme, the Opportunities for the Elderly Project and the Holiday Centre for the Elderly, enable elderly persons to enjoy their life in the community, to develop their potentials and to continue with their contributing role in society.



## RESIDENTIAL CARE SERVICES

Residential care services for the elderly aim to provide residential care and facilities for elderly persons aged 65 or above who, for personal, social, health and / or other reasons, cannot adequately be taken care of at home. Persons aged between 60 and 64 may apply if there is a proven need. In brief, there are two types of residential care services, namely Care and Attention Homes for the Elderly and Nursing Homes. (Note)

### Care and Attention Homes for the Elderly

Care and Attention Homes for the Elderly provide residential care, meals, personal care and limited nursing care for elderly persons who suffer from poor health or physical / mild mental disabilities with deficiency in activities of daily living but are mentally suitable for communal living, and are assessed and recommended for Care and Attention Home under the Standardised Care Need Assessment Mechanism for Elderly Services. Some care-and-attention places are provided by contract homes and private homes participating in the Enhanced Bought Place Scheme.

To promote a continuum-of-care in subsidised residential care services for the elderly, some care-and-attention places have gradually been converted / upgraded as care-and-attention places providing a continuum-of-care such that better care and support is to be provided to meet service users' changing needs in the same home even when their health conditions deteriorate.

### Nursing Homes

Nursing Homes provide residential care, meals, personal care, regular basic medical and nursing care, and social support for elderly persons who suffer from poor health or physical / mental disabilities with deficiency in activities of daily living but are mentally suitable for communal living, and are assessed and recommended for Nursing Home under the Standardised Care Need Assessment Mechanism for Elderly Services. Some nursing home places are provided by contract homes.

**Note:**

The Social Welfare Department has ceased to accept new applications for placement in Hostels for the Elderly and Homes for the Aged since 1 January 2003. Starting from 2005-06, self-care hostel and home for the aged places have been gradually be phased out and converted into care and attention places providing a continuum of care.

**For more information, please contact Social Welfare Department at its**

**Hotline:** 2343 2255

**Website:** https://www.swd.gov.hk/en/index/site_pubsvc/page_elderly/sub_introducti/

Urdu (巴基斯坦語)


September 2021·Elderly Branch

# خدمات برائے عمر رسیدہ اشخاص

# Elderly Services







社會福利署
Social Welfare Department

## تعارف

خدمات برائے عمر رسیدہ اشخاص کا مقصد ہمارے عمر رسیدہ اشخاص کو اس درجہ فعال بنانا ہے کہ وہ عزت کے ساتھ جی سکیں اور انہیں ضروری معاونت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنے متعلقہ ہونے کے احساس، تحفظ کے احساس اور قدر و قیمت کے احساس کو فروغ دے پائیں۔

## مقاصد

خدمات برائے عمر رسیدہ اشخاص کا مقصد انہیں وسیع پیمانے پر خدمات فراہم کر کے زندگی کے تمام پہلوؤں سے متعلق ایسے عمر رسیدہ اشخاص کی فلاح و بہبود کو فروغ دینا ہے تاکہ وہ حتی المقدور طور پر بہتر انداز میں معاشرے میں جی سکیں؛ اور انہیں رہائش پر دیکھ بھال فراہم کی جا سکے جو کہ عمر رسیدہ اشخاص کی تبدیل ہوتی ہوئی ضروریات سے مطابقت پذیر ہو جب کہ انہیں اس کی ضرورت ہو۔

## کمیونٹی کیئر اور سپورٹ سروسز

کمیونٹی کیئر اور سپورٹ سروسز عمر رسیدہ اشخاص کی معاونت کرتی ہیں کہ وہ حتی المقدور طور پر بہتر انداز میں معاشرے میں جی سکیں اور انہیں دیکھ بھال کرنے والوں کی اعانت فراہم کرتی ہیں۔ کمیونٹی کیئر اور سپورٹ سورسز کے بڑھتے تنوع کے باعث، ایک مزید مربوط طرز اپنائی گئی ہے تاکہ خدمات تک رسائی میں سہولت دی جائے۔ مختصراً، تین اقسام کی سماجی دیکھ بھال اور معاونتی خدمات فراہم کی جاتی ہیں، جن کے نام، ایلڈرلی سنٹر سروسز، کمیونٹی کیئر سروسز اور دیگر کمیونٹی سپورٹ سروسز ہیں۔

### ایلڈرلی سنٹر سروسز

ڈسٹرکٹ ایلڈرلی کمیونٹی سنٹرز (مع سپورٹ ٹیمز برائے عمر رسیدہ اشخاص)، نیبر ہُڈ ایلڈرلی سنٹرز اور سوشل سنٹر برائے عمر رسیدہ اشخاص ضلعی اور قرب و جوار کی سطح پر عمر رسیدہ اشخاص اور ان کی دیکھ بھال کرنے والوں کو، ان کے گھروں کی حد میں مراکز پر مختلف النوع کمیونٹی سپورٹ سروسز، جیسا کہ کیس مینجمنٹ، کمیونٹی اینڈ ہیلتھ ایجوکیشن، کیئرر سپورٹ سروسز، سماجی اور تفریحی سرگرمیاں، رضاکارانہ نشوونما اور آؤٹ ریچنگ سروسز فراہم کرتی ہیں۔

### کمیونٹی کیئر سروسز

ڈے کیئر سنٹرز / یونٹس برائے عمر رسیدہ اشخاص، گھر اور کمیونٹی کے حوالے سے توسیع شدہ کمیونٹی سروسز ٹیمز اور انٹگریٹڈ ہوم کیئر سروسز ٹیمز ضعیف عمر رسیدہ اشخاص اور / یا خدمات کے طلب گار عمر رسیدہ اشخاص کو ان کے جانے پہچانے گھروں ور کمیونٹی کے ماحول میں خدمات، جیسا کہ ذاتی نگہداشت، نرسنگ کیئر، بحالی کی تربیت، سماجی سرگرمیاں، ڈے ریسپائٹ سروسز اور کیئرر سپورٹ سروسز فراہم کرتی ہیں۔

### دیگر کمیونٹی سپورٹ سروسز

دیگر کمیونٹی سپورٹ سروسز، جیسا کہ سینئر سٹیزن کارڈ سکیم، ایلڈرلی پراجیکٹ کے لیے مواقع اور ایلڈرلی پراجیکٹ اور ہالیڈے سنٹر برائے عمر رسیدہ اشخاص، عمر رسیدہ اشخاص کو اہل بناتی ہیں کہ وہ معاشرے میں اپنی زندگی سے لطف اندوز ہو سکیں، اپنی ممکنہ صلاحیتوں کو فروغ دے پائیں اور معاشرے میں اپنے شمولیتی کردار کو جاری رکھ پائیں۔

## ریزیڈینشل کیئر سروسز

عمر رسیدہ اشخاص کے لیے رہائشی دیکھ بھال کی خدمات کا مقصد رہائشی سطح پر دیکھ بھال کی خدمات اور ایسے عمر رسیدہ افراد کے لیے سہولیات، ان کے ذاتی، سماجی، صحت اور / یا دیگر وجوہات کے پیش نظر فراہم کرنا ہے جن کی عمر 65 یا زائد ہو، اور جن کی گھر پر مناسب دیکھ بھال نہیں ہو سکتی ہے۔ جن افراد کی عمریں 60 اور 64 کے مابین ہوں، اس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، اگر ان کے لیے ضرورت ثابت شدہ ہو جائے۔ مختصراً، رہائشی سطح پر دیکھ بھال کی دو اقسام موجود ہیں، جن کے نام، دیکھ بھال اور دادرسی گھر برائے عمر رسیدہ اشخاص اور نرسنگ ہومز ہیں۔(نوٹ)

### دیکھ بھال اور دادرسی گھر برائے عمر رسیدہ اشخاص

دیکھ بھال اور دادرسی کے گھر برائے عمر رسیدہ اشخاص ان کو رہائشی دیکھ بھال، خوراک، شخصی نگہداشت اور ان عمر رسیدہ اشخاص کے لیے محدود درجہ کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم کرتے ہیں جن کی صحت خراب ہو یا روزمرہ کی زندگی کی سرگرمیوں کے حوالے سے انہیں جسمانی / معمولی ذہنی معذوریوں کا سامنا ہو، اور ان کا ایلڈرلی سروسز کے لیے معیاری نگہداشتی ضرورت کی بنیاد پر تخمینہ جاتی طریقہ ہائے کار کے تحت دیکھ بھال اور دادرسی گھر کے لیے جائزہ لیا گیا ہو اور سفارش کی گئی ہو۔ بعض دیکھ بھال اور دادرسی کے مقامات کانٹریکٹ ہومز اور نجی گھروں کی طرف سے فراہم کیے جاتے ہیں جو کہ انہانسڈ بوٹ پلیس سکیم میں شرکت اختیار کرتے ہیں۔

عمر رسیدہ اشخاص کے لیے سبسڈی شدہ ریزیڈینشل کیئر سروسز میں دیکھ بھال کے تسلسل کو فروغ دینے کے لیے، بعض دیکھ بھال اور دادرسی گھروں کو بتدریج دیکھ بھال اور دارسی گھروں میں تبدیل / اپ گریڈ کیا گیا ہے جن سے نگہداشتی تسلسل کی فراہمی کی گئی ہے جیسا کہ بہتر دیکھ بھال اور معاونت کو فراہم کیا گیا ہے تاکہ سروس کے استعمال کنندگان کی بدلتی ضروریات کو گھر پر پورا کیا جا سکے جب کہ صحت کی صورت حال بگڑتی چلی جائے۔

### نرسنگ ہومز

نرسنگ ہومز عمر رسیدہ اشخاص کے لیے رہائشی دیکھ بھال، خوراک، ذاتی نگہداشت، باقاعدہ بنیادی طبی اور نرسنگ دیکھ بھال، اور سوشل سپورٹ فراہم کرتے ہیں جن کی صحت خراب ہو یا جو روزمرہ زندگی کی سرگرمیوں کے حوالے سے جسمانی / ذہنی معذوریوں کا شکار ہوں مگر معاشرے میں رہنے کے حوالے سے ذہنی طور پر موزوں ہوں، اور ان کا ایلڈرلی سروسز کے لیے معیاری نگہداشتی ضرورت کی بنیاد پر تخمینہ جاتی طریقہ ہائے کار کے تحت نرسنگ ہومز کے لیے جائزہ لیا گیا ہو اور سفارش کی گئی ہو۔



**نوٹ:**

**سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ نے 1 جنوری 2003 سے عمر رسیدہ اشخاص اور ضعیف العمر افراد کے گھروں میں جگہوں کے حصول کے لیے نئی درخواستوں کی وصولی بند کر دی ہے۔ سال 2005-06 سے، دیکھ بھال کے سلسلے کو جاری رکھنے کے لیے عمر رسیدہ اشخاص کے لیے سیلف کیئر ہاسٹل اور گھر درجہ وار فراہم کیے جا چکے ہیں اور انہیں دیکھ بھال اور دادرسی کے مقامات میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔**

**مزید تفصیلات کے لیے، براہ مہربانی سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کی ذیل کی ہاٹ لائن پر رابطہ کریں :**


ہاٹ لائن: 2343 2255

ویب سائٹ: https://www.swd.gov.hk/en/index/site_pubsvc/page_elderly/sub_introducti/